نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغاخان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیر صدارت لاہور میں منعقدہ اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد

اجلاس میں موسمی سبزیوں کی پیداوار بڑھانے پر غور۔

صوبہ پنجاب میں موسمی سبزیوں کی پیداوار بڑھانے کے لیے جامع پلان تیار کیا جارہا ہے۔ سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو

لاہور: 09 اگست 2024: سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا ہے کہ ٹماٹر اور پیاز کی طلب اور رسد میں اضافہ ایک بڑا مسئلہ ہے۔ صوبہ پنجاب میں پیاز اور ٹماٹر کی آف سیزن کاشت کا متعلقہ فیلڈ فارمیشنز کو خصوصی ٹاسک دیا گیا ہے۔ اس ضمن میں ٹماٹر اور پیاز کی مقامی پیداوار میں اضافہ کے لیے پلان تیار کیا جارہا ہے۔ وہ آج زراعت ہاؤس لاہور میں ایک اعلی سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے تھے۔ اجلاس میں سبزیوں کی پیداوار بڑھانے کے لیے غور کیا گیا۔ اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ ٹماٹر اور پیاز کی قیمتوں اور سپلائی اتار چڑھاؤ میں کمی کے لیے عملی اقدامات کیے جارہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ٹماٹر اور پیاز کی آف سیزن کاشت کے لیے سائنسدانوں کو خصوصی ٹاسک سونپ دیا ہے۔ پنجاب میں ٹماٹر کی آف سیزن کاشت کے لیے موسمی حالات کے مطابق موزوں علاقوں بارے فیلڈ فارمیشنز کو ٹاسک سونپ دیا ہے۔ پنجاب میں پیاز کی آف سیزن کاشت بارے کاشتکاروں کی رہنمائی کی جارہی ہے۔ پنجاب میں موسمی سبزیوں کی پیداوار بڑھانے کے لیے ایک جامع پلان تیار کیا جارہا ہے۔ آلو پیاز اور ٹماٹر کی سبزیوں کی ارزاں نرخوں پر فراہمی کے لیے ان کی پیداوار میں اضافہ ضروری ہے۔ اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع چوہدری عبدالحمید، ڈائریکٹر جنرل زراعت اصلاح آبپاشی ملک محمد اکرم، ڈائریکٹر جنرل زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں اور ڈائریکٹر زراعت توسیع لاہور ڈویژن شیر محمد شراوت سمیت دیگر افسران نے شرکت کی۔

****